PDMA

Provincial Disaster Management Authority

Sector B-2 Phase-BV Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa

Phone: (091) 9213959, Fax: (091) 9214025

www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس

مورخہ: 06جولائی2026

موسمی انتباہ(الرٹ)

پریس ریلیز

خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں 6 سے 8 جولائی تک بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کا امکان، پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کردیا۔

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے پیش نظر 6 جولائی کی رات سے 8 جولائی تک صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے امکانات کے باعث متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو الرٹ جاری کردیا ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق چترال، اپر ولوئر دیر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، اپر ولوئر کوہستان، کولائی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی اور جنوبی وزیرستان میں مختلف مقامات پر بارش، تیز ہوائیں، گرج چمک اور بعض مقامات پر موسلادھار بارش کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق تیز ہواؤں اور آسمانی بجلی کے باعث کمزور عمارتوں، بجلی کے کھمبوں، سولر پینلز، اشتہاری بورڈز اور کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جبکہ 7 اور 8 جولائی کے دوران چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بٹگرام، مانسہرہ، کوہستان اور ایبٹ آباد کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔ ان علاقوں میں برساتی ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں بھی اضافہ متوقع ہے۔

مزید برآں پشاور، چارسدہ، مردان، صوابی، نوشہرہ، سوات اور ایبٹ آباد میں شدید بارش کے باعث مقامی سطح پر شہری سیلاب (اربن فلڈنگ) کا بھی خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔

پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، ایمرجنسی مشینری اور ریسکیو ٹیموں کو الرٹ رکھا جائے، مرکزی اور رابطہ سڑکوں کو ہر صورت کھلا رکھا جائے، نکاسی آب کے نظام کو فوری طور پر صاف کیا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

پی ڈی ایم اے نے کسانوں کو فصلوں کی حفاظت، جبکہ مویشی پال حضرات کو اپنے جانور محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کی ہے۔

سیاحوں اور مسافروں کو بھی غیر ضروری سفر سے گریز کرنے، پہاڑی علاقوں، دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی گزرگاہوں کے قریب جانے سے اجتناب کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ عوام سے کہا گیا ہے کہ خراب موسم کے دوران کمزور عمارتوں، بجلی کے کھمبوں، درختوں اور اشتہاری بورڈز سے دور رہیں اور بچوں کو ندی نالوں، برساتی پانی اور کھلے گڑھوں کے قریب نہ جانے دیں۔

عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اداروں کی ہدایات پر عمل کریں اور بروقت معلومات کے لیے پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1700 سے رابطہ کریں۔

ترجمان، پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا